Punjab Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF-QAI-ADU/2026/285 تاریخ: 05/03/2026

محترم پیف پارٹنر: (FAS, EVS, NSP-PSRP- I , II)

عنوان: اطلاع بابت School Based Assessment کے تحت فائنل امتحانات (2025-26) کا انعقاد

السلام علیکم!

امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔

تمام معزز پیف پارٹنر / لائسینسیز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب ایجوکیشن کمیشن (PEC) کی جانب سے پنجاب بھر کے سکولز میں Formative Assessment کی ترویج کے لیے School Based Assessment (SBA) منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

اس سلسلے میں جماعت اول سے ہشتم تک SBA کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

Sr.#	Activity	Schedule
1	Uploading of Item Bank	3rd March , 2026
2	Paper Generation from IBS	Up to 8th March , 2026
3	Conduct of End-of-Year SBA 2026	9th to 26th March,2026
4	Marking and Preparation of Report Cards	9th to 30th March,2026
5	Sharing of Result & Parent Teacher Meeting	31st March ,2026(**Grade 1 to 7) The Result of Grade 8 will be shared along with the Annual Exam Result**

سرکلر ہذا کے ذریعے تمام پیف پارٹنرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اپنے سکولز میں School Based Assessment کے تحت فائنل امتحانات PECTAA کی جانب سے مہیا کردہ پرچوں کے ذریعے منعقد کریں۔

ضروری ہدایات برائے School Based Assessment

1۔ تمام پیف پارٹنر سکولز SBA کے لیے ڈیٹ شیٹ اُوپر دیئے گئے شیڈول کے مطابق جاری کریں گے۔ تمام پارٹنر سکولز کا Login اور پاسورڈ (password) اُن کے SIS میں مہیا کر دیا جائے گا۔

2۔ پارٹنر سکول Login کر کے پیپر آئٹم بینک سسٹم (IBS) سے QR کوڈ کے ساتھ اپنا پیپر خود تیار Generate کر سکتے ہیں

3۔ آئٹم بینک 3 مارچ 2026 کو (IBS) آئٹم بینک سسٹم میں مہیا کر دیا جائے گا۔ SBA فائنل امتحانات 2026 کے پرچے تعلیمی کیلنڈر کے سلیبس کے مطابق تیار کیے گئے ہیں۔

4۔ انگریزی، اردو، اخلاقیات اور ترجمۃ القرآن المجید کے علاوہ تمام پرچہ جات دو زبانوں میں مہیا کیے جائیں گے تاہم ہر سکول کو یہ اختیار دیا جائے گا کہ وہ انگریزی یا اردو جس زبان میں چاہے پرچہ تیار generate کرے۔

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Gulzar-e-Quaid,
Old Airport Road, Rawalpindi.
Ph: 051-9330273

Regional Office Multan
238-B, Model Town Multan.
Ph: 061-6216299, 061-6216399

CamScanner

Punjab Education Foundation

5۔ تمام پارٹنر سکول اپنا Login کر کے پیپر آئٹم بینک سسٹم (IBS) سے QR کوڈ کے ساتھ اپنا پیپر خود تیار Generate کر سکتے ہیں جس میں اُن کے سکول کی مکمل معلومات (EMIS) کوڈ کے ساتھ موجود ہوں گی۔

6۔ سوئم سے ہشتم تک ہر مضمون کے لیے سسٹم سے تیار کردہ پرچہ (معروضی حصہ اور CRQs) QR کوڈ کے ساتھ دو صفحات پر مشتمل ہو گا۔ پرچے کی مارکنگ (IBS) آئٹم بینک سسٹم میں تیار کردہ معیاری keys اور rubrics کے مطابق کی جائے گی۔

7۔ جماعت اول اور دوئم کے تمام مضامین کا زبانی جائزہ لیا جائے گا جس میں ہر ایک میں 20 نمبر کے 5 سیکشن ہوں گے، جبکہ انگریزی اور اردو کے ہر مضمون میں طلباء کی تحریری صلاحیت کو جانچنے کے لیے صرف ایک تحریری سوال شامل ہو گا۔ جماعت اول اور دوئم کے ہر مضمون کے لیے چار صفحات پر مشتمل ایک رنگین کاپی صرف اساتذہ کے لیے لی جائے گی۔

8۔ انگریزی اور اردو کے مضامین کے لیے بولنے، سننے اور پڑھنے کی مہارت کو جانچنے کے لیے الگ اِمتحان لیا جائے گا۔ اِن مہارتوں کو جانچنے کے لیے سوالات Rubrics میں مہیا کر دیے گئے ہیں۔

9۔ اِختیاری مضامین کے لیے پیپر (PECTAA) پیکٹا کے پیٹرن کے مطابق سکولز خود تیار اور منعقد کریں گے، جیسا کہ (48 نمبروں کے 32 MCQs اور 52 نمبروں کے 5 CRQs) اور اِن نمبروں کا اِندراج طالبِ علم کے رپورٹ کارڈ پر ہو گا۔

10۔ سکولز گریڈ 1 سے 7 (grade 1 to 7) تک پیرنٹ ٹیچر میٹنگ (PTM) کا انعقاد 31 مارچ 2026 کو کریں گے۔ طلباء کے رپورٹ کارڈز آئٹم بینک سسٹم (IBS) میں مہیا کردہ نمونہ کے مطابق تیار کریں گے اور والدین کو میٹنگ میں وہی رپورٹ کارڈ دکھایا جائے گا۔ تمام سکول طلباء کے نمبروں کا اِندراج سکول کے جائزہ رجسٹر میں بھی یقینی بنائیں گے۔ آٹھویں کا رزلٹ سالانہ اِمتحان کے ساتھ ہی دیا جائے گا۔

سلیبس (syllabus) اور پیپر پیٹرن (Paper Pattern) ساتھ منسلک ہے۔

پارٹنر سکولز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اس طریقہ کار کے مطابق سکولز میں SBA کا انعقاد مقررہ ڈیٹ شیٹ اور سلیبس کے مطابق یقینی بنائیں اور ان امتحانات کا ریکارڈ اپنے سکول میں محفوظ رکھیں جو کہ پیف مانیٹر کسی بھی وقت چیک کر سکتا ہے۔

خیر اندیش

(ڈائریکٹر-کیو-اے-آئی-ڈی)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Gulzar-e-Quaid,
Old Airport Road, Rawalpindi.
Ph: 051-9330273

Regional Office Multan
238-B, Model Town Multan.
Ph: 061-6216299, 061-6216399

CamScanner